© rasailojaraid.com



# فہرست مضامین


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | فکر و نظر ........ عید الاضحیٰ — یادگارِ حنیفیت | ترجمانِ خلّت | ۳ |
| ۲۔ | التفسیر والتعبیر ....... سورۃ البقرہ (۱۰) ......... | مولانا عزیز زبیدی | ۸ |
| ۳۔ | الاستفتاء ............... | دار الافتاء | ۱۹ |
| ۴۔ | "محدّث" اور "معارفِ اسلام" کے ایک مضمون کا موازنہ ...... | ابن القاری مظفر گڑھی | ۳۰ |
| ۵۔ | نصیر الدین طوسی ............... | اختر راہی | ۳۵ |
| ۶۔ | تعارف و تبصرہ کتب ......... | ابو شاہد، عزیز زبیدی، خالد علوی | ۴۰ |


ایک عارف و ولی اللہ نے آرزو کی کہ

میرا اس طرح سے حساب ہو — میرے لب پہ نعتِ جناب ہو

اور چند منٹ بعد ہی اس کی زبان سے یہ جاری ہوا

تم ہو ہمارے ہم ہیں تمہارے — جس کے تم ہو وارے نیارے

اور اس کی آرزو پوری ہو گئی، اس عارف کو دنیا حکیم محمد عبد اللہ کے نام سے جانتی ہے۔ جو کبھی روڑی والے کہلائے اور کبھی جہانیاں والے مگر جاننے والے جانتے ہیں کہ وہ صرف اللہ والے تھے۔ ان کے دل نے کبھی دنیا سے پیار کیا ہی نہ تھا۔ ان کا تن من دھن سبھی کچھ اللہ ہی کے لیے تھے۔ ایک عظیم انسان دنیائے طب کے قابلِ فخر قائد، اس دورِ زوال میں اسلام کی عظمتِ رفتہ کی واپسی کے نقیب اور اس الحاد و زندقت اور ظلمت کدہ میں کتاب و سنت کی روشنی میں اسلامی انقلاب کے داعی تھے۔

۳ر دسمبر کو یہ آفتاب غروب ہوا تو دلوں کی دنیا اندھیری ہو گئی۔ ہمیں اس عظیم انسان کی رہنمائی کی ضرورت ابھی تھی مگر ایسا نہ ہو سکا۔ اب ان کی زندگی کے منور گوشوں سے ہم اس ظلمت کدہ میں اجالا کر سکتے ہیں۔

اس تصور کے پیشِ نظر ہفت روزہ "المنبر لائلپور" "عبد اللہ نمبر" شائع کر رہا ہے! جس میں حکیم صاحب محترم کی روحانی، علمی، عملی، طبی، دینی اور سیاسی دنیا کے ہر گوشہ پر ان کے احباب روشنی ڈالیں گے۔

نوٹ:۔ حکیم صاحب علیہ الرحمۃ کے احباب اس طرف خصوصی توجہ فرمائیں، اپنے تاثرات اور مقالات جلد از جلد ارسال فرمائیں اور حکیم صاحب کے خطوط بھی جو اشاعت کے بعد بحفاظت انھیں واپس کر دیئے جائیں گے۔

خالد اشرف ... ہفت روزہ المنبر ... پوسٹ بکس نمبر ۶ ... لائلپور

© rasailojaraid.com